ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

ماہ نور آفتاب سہ فریقی ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کامیابی کے لیے پر امید

کاکس بازار 24 جنوری، 2024ء:

میزبان بنگلہ دیش ویمنز انڈر 19، پاکستان ویمنز انڈر 19 اور سری لنکا ویمنز انڈر 19 کی ٹیموں پر مشتمل ٹی ٹوئنٹی سہ فریقی سیریز کا آغاز آج سے بنگلہ دیش کے کاکس بازار میں ہو گیا ہے۔

سہ فریقی سیریز میں چھ میچز ڈبل راؤنڈ فارمیٹ میں کھیلے جائیں گے جس کے بعد ٹاپ کی دو ٹیموں کے درمیان فائنل کھیلا جائے گا۔

تمام میچز 24 جنوری سے 2 فروری تک شیخ کمال انٹرنیشنل کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلے جائیں گے۔

پاکستان ٹیم اپنا پہلا میچ کل سری لنکا کی ٹیم کے خلاف کھیلے گی۔ میچ کا آغاز مقامی وقت کے مطابق دوپہر 12 بجے ہو گا۔

ماہنور آفتاب جو سہ فریقی سیریز میں پاکستان کی قیادت کررہی ہیں ان چھ کھلاڑیوں میں شامل ہیں جو آئی سی سی انڈر 19 ویمنز ورلڈ کپ کے لیے پاکستان ویمنز انڈر 19 اسکواڈ کا حصہ تھیں۔

انوشہ ناصر، ایمن فاطمہ، لیلیٰ ناصر، ردا اسلم اور زیب النساء اس سے قبل گزشتہ سال انڈر 19 میگا ایونٹ میں بھی پاکستان ٹیم کی نمائندگی کرچکی ہیں۔

پاکستان ویمنز انڈر 19 کی کپتان ماہنور آفتاب کا کہنا تھا کہ "یہ ہمارے لیے اپنی نوعیت کی پہلی سہ فریقی سیریز ہے۔اس طرح کے ٹورنامنٹ ہمیں اپنی صلاحیتوں کا اظہار کرنے اور سینئر ٹیم میں جگہ بنانے میں مدد کرتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ اگر ہم میدان میں اپنا100 فیصد دیتے ہیں تو نتائج ہمارے حق میں آئیں گے۔

ہم بنگلہ دیش میں ٹریننگ کر رہے ہیں یہاں کی کنڈیشنز کراچی سے بہت ملتی جلتی ہیں امید ہے ہماری ٹیم سیریز میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے گی۔

-ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial